اس کتاب کو کیسے استعمال کریں

کتاب کے بارے میں:

"آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" (حصہ اول و حصہ دوم) میں قرآن کو تجوید کے ساتھ پڑھنے کی تعلیم دی گئی ہے۔ان کتابوں کو پہلی کلاس اور دوسری کلاس میں بتدریج پڑھایا جاسکتا ہے۔ "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" (حصہ اول) مبتدی طلبہ کے لیے ہے جو اس انداز میں مرتب کی گئی ہے کہ اسکولی نصاب سے موافقت رہے اور پورے تعلیمی سال میں اسے پڑھایا جاسکے،ضرورت پڑنے پر اسے بڑی کلاس کے طلبہ کو بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔

یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے:

- پہلے حصہ میں "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" موجود ہے۔
- دوسرے حصہ میں اسلامیات شامل ہے۔

حصہ اول: سبق نمبر: 1 سے سبق نمبر: 12 تک تمام حروف تہجی موجود ہیں تا کہ ان حروف کی اشکال،ان کی آواز اور ان کو لکھنے کی مشق پر توجہ رہے،جبکہ سبق: 13 تا سبق: 33 میں حرکات سکھائی گئی ہیں۔ان اسباق میں موجود متعدد مشقوں کے ذریعہ طلبہ میں صوتی و بصری ذخیرۂ الفاظ کو تیار کیا جاتا ہے، آخر میں اساتذہ کے لیے نوٹ بھی دیا گیا ہے کہ طلبہ کو کہانیوں کی مدد سے حروف کس طرح پڑھائے جائیں،نیز ٹیچر گائڈ میں قرآن لیب کی سرگرمیاں بھی دی گئی ہیں۔سبق کے اعتبار سے دی گئی سرگرمیاں سیکھے ہوئے مضمون کو پختہ کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں،اسی طرح ان سرگرمیوں سے طلبہ سیکھنے کے عمل میں کتنا مشغول ہیں اس کا بھی پتہ چلتا ہے، جس کے نتیجے میں اعلیٰ درجہ کی تعلیم کا حصول ممکن ہوتا ہے۔

حصہ دوم: اس میں اسلامیات کے عنوان پر آسان اور سہل انداز میں اسباق دیے گئے ہیں،ہر سبق میں یہ مضامین شامل ہیں:عقائد،دعا،حدیث، اخلاق،سیرت،قرآن۔ان مضامین کا انتخاب اس طرح کیا گیا ہے کہ طلبہ کو روزانہ کی زندگی سے مانوس لگیں اور عمل کرنے اور سمجھنے کے اعتبار سے آسان محسوس ہوں۔روزانہ پڑھی جانے والی سورتیں،دعائیں اور اذکار زبانی یاد کروانے کا اہتمام کیا جائے۔

کورس کی ترتیب و تنظیم:

1. اس کورس کو بہتر انداز میں مکمل کرنے کے لیے ہفتہ بھر میں کم از کم چار تدریسی گھنٹے (پیریڈ) مطلوب ہیں۔
2. بہتر یہ ہے کہ انڈراسٹینڈ قرآن اکیڈمی کی جانب سے سند یافتہ ٹیچر یہ کورس پڑھائے، ٹیچر ٹریننگ کی سند کے تعلق سے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
3. یہ کورس اسمارٹ کلاس روم میں پریزینٹیشن اور ویڈیو کی مدد سے بھی پڑھایا جاسکتا ہے۔
4. یہ کورس ٹیکسٹ بک،ورک بک،پریزینٹیشن،ویڈیوز،پوسٹرز، فلیش کارڈز، گیمس اور ٹیچر گائڈ پر مشتمل ہے۔
5. سیکھنے کے عمل کو بڑھانے اور طلبہ کو مشغول رکھنے کے لیے قرآن لیب کی سرگرمیاں (activities) اس نصاب کا حصہ ہیں۔
6. مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ سے رجوع کیا جائے: www.understandquran.com/teacher_resources.html

یہ تفصیل اس وقت ہے جب اس کورس کے لیے تیس ہفتے (3 پیریڈ/ہر ہفتہ) مخصوص کیے جائیں۔یہاں سالانہ شیڈول کا ایک نمونہ دیا جارہا ہے۔

سبق: 1 تا سبق: 12 میں ہر سبق کے لیے دو پیریڈ مطلوب ہیں۔پہلے پیریڈ میں حروف کی تشریح اور مشق ہو جبکہ دوسرے پیریڈ میں قرآن لیب کی سرگرمیاں ہوں،اس میں ورک بک اور دیگر سرگرمیاں کروائی جائیں۔ مجموعی پیریڈ: 24 پیریڈ

سبق: 13 تا سبق: 33 میں بھی ہر سبق کے لیے دو پیریڈ مطلوب ہیں۔پہلے پیریڈ میں تشریح ہو اور دوسرے پیریڈ میں قرآن لیب کی سرگرمیاں ہوں،جہاں مختلف سرگرمیوں کی مدد سے سکھائے گئے مضمون کو پختہ کروایا جائے۔ مجموعی پیریڈ: 40 پیریڈ

اسلامیات (8 اسباق – ہر سبق کے لیے 2 پیریڈ) مجموعی پیریڈ: 16 پیریڈ

کوئز،امتحان اور اعادہ (10 پیریڈ) مجموعی پیریڈ: 10 پیریڈ